# India-China consultations on UNSC Issues

February 09, 2021

---

# اقوام متحدہ کے سیکورٹی کونسل کے امور سے متعلق بھارت چین کے مابین مشاورت

09 فروری، 2021

1. ہندوستان اور چین نے آج ویڈیو ٹیلی کانفرنسنگ پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے یو این ایس سی کے معاملات سے متعلق دو طرفہ مشاورت کا انعقاد کیا۔

2. چینی وفد کی قیادت چین کی وزارت خارجہ میں بین الاقوامی تنظیموں اور کانفرنسوں کے شعبہ کے ڈائریکٹر جنرل جناب یانگ تاؤ نے کی۔ جبکہ ہندوستانی وفد کی قیادت جوائنٹ سکریٹری (یو این پی اینڈ سمٹ) جناب پرکاش گپتا نے کی اور اس میں مشرقی ایشیاء (ای اے) اور وزارت خارجہ کے اقوام متحدہ کے معاشی اور سماجی (یو این ای ایس) ڈویژنوں کے عہدیداروں اور ہندوستان کے نیویارک میں مستقل مشن اور بیجنگ میں ہندوستان کے سفارت خانہ کے عہدیداروں نے شرکت کی۔

3. دونوں فریقین نے یو این ایس سی کے ایجنڈے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ہندوستانی وفد نے اپنے یو این ایس سی کے عہدے کے دور میں چینی فریق کو ہندوستان کی ترجیحات سے آگاہ کیا۔ دونوں فریقین نے یو این ایس سی کے ایجنڈے کے اہم امور پر اپنی بات چیت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**09 فروری، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.